© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

**آل پارٹیز کانفرنس میں حضرت مولانا مدظلہ کی شرکت:** ۲۹ ستمبر ۲۰۱۱ء کو وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں امریکی دھمکیوں کے پیش نظر قومی رہنماؤں کی آل پارٹیز کانفرنس بلائی گئی جس میں ملک کے چیدہ چیدہ اہم سیاسی و مذہبی رہنماؤں نے شرکت کی۔ اس موقع پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے موجودہ حالات اور پاکستان کو درپیش خطرات پر سیر حاصل گفتگو کی۔ اور حکمرانوں اور فوجی جرنیلوں کے سامنے کلمہ حق کو حسب سابق بیانگ دہل بیان کیا۔ (تفصیلی خطاب ادارتی صفحات میں ملاحظہ کریں)

**وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کا اجلاس:** وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ کا اجلاس مورخہ ۲۱ ستمبر ۲۰۱۱ء کو زیر صدارت مرکزی صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان مدظلہ دفتر وفاق ملتان میں منعقد ہوا۔ جس میں وفاق کے مرکزی نائب صدر حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں نصابی کمیٹی کے مجوزہ نصاب تعلیم بنین و بنات اور تجوید کے نصاب پر غور سالانہ امتحانات کے نتائج، ماہنامہ وفاق کیلئے مجوزہ راہنما اصول و دیگر اہم امور پر رات گئے تک غور وخوض و بعض اہم فیصلے کئے گئے۔

**دارالعلوم کے مخلصین اور اہم فضلاء کی جدائی:** گزشتہ ماہ دارالعلوم حقانیہ کے انتہائی اہم مخلصین محبین اور کئی قابل فضلاء انتقال کر گئے۔ ان میں ہری چند کے مولانا عبدالہادی حقانی، مولانا اکرام اللہ جان قاسمی، مولانا حمد اللہ جان اُرمڑ پایان۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا سید عبدالمالک شاہ حقانی گوجرانوالہ، مولانا حاجی ہدایت اللہ اکبر پورہ، جمعیۃ کے اہم مرکزی رہنماء مولانا عبدالرحمٰن عثمانی تلہ گنگ، مولانا میاں عبدالرحمٰن ہزاروی، خطیب مسجد انارکلی لاہور، مولانا میاں جمیل گل کاکاخیل، خانقاہ کاکا صاحب، مولانا عبیداللہ صاحب ایم پی اے (مولانا عبدالباقیؒ سابق منسٹر اوقاف کے بھائی)، شیخ الحدیث حضرت مولانا سید چراغ الدین شاہ کے صاحبزادے مولانا معراج الدین، دارالعلوم کے دارالافتاء کے نائب مفتی مولانا عبدالمنعم کے والد ماجدؒ اور مولانا سیف اللہ حقانی کی اہلیہ شامل ہیں۔ ادارہ ان تمام مرحومین کے پسماندگان سے دلی تعزیت کرتا ہے اور دارالعلوم میں ان کے رفع درجات کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں، قارئین الحق سے بھی ان مخلصین کے رفع درجات کی درخواست کی جاتی ہے۔

**خانوادۂ شیخ الحدیث کا نووارد حقانی پھول:** ۱۳/اکتوبر ۲۰۱۱ء بروز جمعرات اللہ تعالیٰ نے مولانا حامد الحق حقانی (سابق ایم این اے) کو فرزند سے نوازا۔ نومولود کا نام محمد احمد الحق رکھا گیا۔ حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ کے پوتے اور حضرت شیخ الحدیث قدس سرہ کے پڑپوتے کے ناطے سے خانوادہ حقانی میں ایک نووارد پھول کے اضافہ سے خوشی اور تبریک کی لہر دوڑ گئی۔

© rasailojaraid.com